Charles Sturt University

باڑے کی تعمیر اور جانوروں کی بہتر دیکھ بھال کے بنیادی اصول

جانوروں کی بہتر صحت اور پیداوار کے حصول کیلئے انہیں کھلی، ہوادار، صاف ستھری اور آرام دہ جگہ مہیا کرنا انتہائی ضروری ہے



باڑے کی سمت ہمیشہ شمالاً جنوباً ہونی چاہیے تاکہ شدید موسمی اثرات سے بچایا جا سکے

باڑے کی تعمیر اس طرح کریں تاکہ ہوا کی آمد و رفت آسانی سے ہو سکے اور چھت کی اونچائی چودہ فٹ ضرور رکھیں

جانور	درکار جگہ	
	چھتی ہوئی	کھلی
گائے	50 مربع فٹ	100 مربع فٹ
بھینس	60 مربع فٹ	120 مربع فٹ
بچھڑا، کٹڑا	35 مربع فٹ	70 مربع فٹ

باڑے میں کھلی جگہ چھتی ہوئی جگہ سے دوگنا ہونی چاہیے

باڑے کا فرش اس طرح بنائیں کہ جانور نہ پھسلیں اور پانی کا نکاس آسانی سے ہو سکے



جانوروں کو ہر وقت تازہ اور صاف ستھرا پانی مہیا کریں اور حوضیاں سایہ دار جگہ پر بنائیں

جانوروں کو باندھ کر رکھنا ان کی صحت اور پیداواری صلاحیت پر منفی اثرات مرتب کرتا ہے

گرمیوں میں جانوروں کو ہمیشہ سایہ دار جگہ فراہم کریں
اور دھوپ میں ہرگز نہ باندھیں

اگر ممکن ہو سکے تو گرمی سے بچاؤ کیلئے باڑے میں پنکھوں
اور فواروں کا بندوبست کریں

جانوروں کو گندے اور کھڑے پانی میں لے
جانے سے گریز کریں

مختلف بیماریوں سے بچاؤ کیلئے دن میں کم از کم دو دفعہ
باڑے کی صفائی ضرور کریں

اے ایس ایل پی ڈیری پراجیکٹ، یونیورسٹی آف ویٹرنری اینڈ اینیمل سائنسز
آؤٹ فال روڈ، لاہور۔ فون: 042-37212339